رابطہ عامہ

- دورانِ مدت سکریٹری رابطہ عامہ عبدالحفیظ فاروقی صاحب نے 12 ملی شخصیات ، 11 سماجی شخصیات، 4 مذہبی شخصیات ، 14 سیاسی شخصیات، 3 صحافی حضرات، 3 مختلفNGOsکے ذمہ داران اور 3 مما لک کے قونصل خانوں کے ذمہ دار اس طرح بحیثیت مجموعی 50 ذمہ داران سے ملاقات کا اہتمام کیا۔
- مختلفNGOsاورتنظیموں کی 6 نشستوں وسرگرمیوں میں شرکت کی گئی اور مختلف مسالک کے علماء سے ربط قائم کیا گیا۔
- 10 ملی شخصیات سے روابط ہیں۔ اسماعیل یوسف کالج کو حکومتی دست وبرد سے بچانے کیلئے متحدہ کوشش کی شروعات اور 2 فالواپ نشستیں منعقد کی گئیں۔ اُدھوٹھا کرے سے ملاقات کی بھی کوشش کی گئی لیکن اس عذر کی بناء پر شیوسینا کے چھاتر لیڈر آدتیہ ٹھاکرے سے ملاقات کرائی گئی کہ طالب علم طبقہ سے متعلق معاملات پہلے قدم پر وہ دیکھتے ہیں۔ گائے نسل کے جانور کی ذبیحہ کی ممانعت پر ملی رہنماؤں اور دیگر این جی اوز کے ساتھ مختلف سیاسی جماعتوں کے پانچ MLAs امین پٹیل کانگریس، آصف رشید، نسیم خان، ابوعاصم اعظمی اور ایڈووکیٹ وارث پٹھان (MIM) کو شریک کر کے متفقہ لائحہ عمل بنانے میں تعاون کیا گیا۔ پنڈت غلام دستگیر براجدار ممتاز سنسکرت اسکالر جو وشوسنسکرت پرتشٹھان کے مہامنتری ہیں سے ملاقات کی گئی، جماعت کا تعارف کروایا گیا، تعارفی فولڈر دیا گیا۔ جالنہ میں سرکار کی طرف سے مسلم ہاسٹل کے لے سرکاری فنڈ کے صحیح استعمال کے لیے وقف بورڈ کے ممبئی میں مقیم ممبران سے ملاقات اوراس فنڈ کے صحیح استعمال کے سلسلے میں ان کو قائل کرنے کی کوشش کی گئی۔ مائناریٹی کمیشن ریاست مہاراشٹر سے ایک ابتدائی ملاقات، ڈائری کیلنڈر، تعارفی فولڈر کا تحفہ پیش کیا گیا اور پھر دوسری مرتبہ جالنہ میں وقف بورڈ کی جگہ کو مفید استعمال میں لانے کے سلسلہ میں بھی ملاقات کی گئی۔ مائناریٹی ترقیاتی کمیشن کی اسسٹنٹ سکریٹری معین العطار صاحبہ سے ملاقات کی گئی، اسلامی لٹریچر اور جماعت کا تعارفی لٹریچر دیا گیا۔ مراٹھی میں لٹریچر دیکھ کرانھوں نے حیرت اور خوشی کا اظہار کیا۔ نشانِ راہ مزید دیگر 10 حضرات کو بھیجے گئے۔
- ڈائریکٹر جنرل آف پولس (DGP) مہاراشٹر سنجیو دیال صاحب سے ملاقات کی گئی۔ جرائم اور اسلام نامی کتاب (ازمولانا جرجیس کریمی) (ہندی میں) اور تعارفی فولڈر دیا گیا۔ دورانِ گفتگو یہ بتانے پر کہ مسلمان پولس کی اکثریت کو اپنے تئیں متعصب محسوس کرتے ہیں جس پر موصوف نے سختی سے انکار کیا۔ اسسٹنٹ کمشنر آف پولس (زون I) جناب روندر شیشوے سے بھی ملاقات کی گئی، ان کو مذکورہ بالا ''اپراد اور اس کا اسلامی حل'' (مراٹھی) اور تعارفی فولڈر دیا گیا۔ موصوف نے بڑی دلچسپی کا اظہار کیا۔ سینئر انسپکٹر اروند پاٹل آگری پاڑہ پولس اسٹیشن سے ملاقات کی کوشش کی گئی لیکن ملاقات نہ ہوسکی البتہ لٹریچر پہنچا دیا گیا۔
- انڈوعرب سوسائٹی کی AGM میں شرکت کی گئی۔ AIITA کے پروگرام، بھارت مکتی مورچہ اور دیگر NGOs کے پروگرام میں شرکت کی گئی۔
- ایران کلچر ہاؤس کے نئے ڈائریکٹر مہدی زرع بے عیب اور قونصل جنرل ایران مسعود خالقی سے ملاقات کی گئی۔ ترکی جمہوریہ کے قونصل جنرل صبری صاحب سے نئے سکریٹری ملکی وعالمی مسائل جناب ارشد شیخ صاحب سے ملاقات کرائی گئی۔ روابط مضبوط ہوئے ہیں۔